الوقت المحدد ثلاث ساعات

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان رجسٹرڈ

مجموع الارقام ۱۰۰

الاختبار السنوی    ف ۔ ۱/۱۴    شہادۃ العالیۃ (بی اے) السنۃ الثانیۃ    للطالبات    السنۃ ۱۴۴۳ھ


## الورقة الاولیٰ: تفسیر القرآن الکریم

نوٹ: کوئی سے تین سوال حل کریں۔

**سوال نمبر1:۔** مَا جَعَلَ أَزْوَاجَكُمُ اللَّائِي تُظَاهِرُونَ مِنْهُنَّ أُمَّهَاتِكُمْ وَمَا جَعَلَ أَدْعِيَاءَكُمْ جمع دعی وھو من یدعی لغیر أبیه ابناله أَبْنَاءَكُمْ حقیقة ذَلِكُمْ قَوْلُكُم بِأَفْوَاهِكُمْ أی الیھود والمنافقین وَاللَّهُ يَقُولُ الْحَقَّ فی ذلك وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيلَ

(الف) ترجمہ کریں نیز خط کشیدہ کا شان نزول تحریر کریں۔ (۱۰+۱۰=۲۰)

(ب) ظہار سے کیا مراد ہے اور اس کا حکم کیا ہے؟ (۸)

(ج) تظاھرون کو کتنے اور کون کونسے طریقے سے پڑھا گیا ہے؟ (۲)

**سوال نمبر2:۔** وَإِذْ قَالَت طَّائِفَةٌ مِّنْهُمْ يَا أَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوا الی منازلکم من المدینة وکانوا خرجوا مع النبی ﷺ الی سلع جبل خارج المدینة للقتال وَيَسْتَأْذِنُ فَرِيقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُولُونَ إِنَّ بُيُوتَنَا عَوْرَةٌ غیر حصینة یخشی علیھا وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ إِن مَا يُرِيدُونَ إِلَّا فِرَاراً من القتال۔

(الف) تفسیری عبارت پر اعراب لگائیں نیز کلام اللہ اور تفسیر کا ترجمہ لکھیں۔ (۱۰+۱۰=۲۰)

(ب) یثرب منصرف ہے یا غیر منصرف؟ دونوں صورتوں میں وجہ بھی لکھیں۔ (۸)

(ج) طَّائِفَةٌ مِّنْهُمْ سے کون لوگ مراد ہیں؟ جلالین کی روشنی میں بتائیں۔ (۵)

**سوال نمبر3:۔** وَلَوْ أَنَّهُمْ صَبَرُوا حَتَّى تَخْرُجَ إِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْراً لَّهُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ لمن تاب منهم ○ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن جَاءَكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَأٍ خبر فَتَبَيَّنُوا أَن تُصِيبُوا قَوْماً بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوا تصیروا عَلَى مَا فَعَلْتُمْ من الخطایا نَادِمِينَ۔

(الف) کلام اللہ اور تفسیر کا ترجمہ کریں نیز پہلی آیت کا شان نزول لکھیں۔ (۱۰+۱۰=۲۰)

(ب) مذکورہ خبر کی تحقیق کے لئے نبی کریم ﷺ نے کن کو بھیجا تھا اور وہ کیا خبر لائے تھے؟ (۸)

(ج) بِجَهَالَةٍ ترکیب میں کیا بن رہا ہے؟ جلالین کی روشنی میں بتائیں۔ (۵)

**سوال نمبر 4:۔** يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّن قَوْمٍ عَسَى أَن يَكُونُوا خَيْراً مِّنْهُمْ وَلَا نِسَاءٌ مِّن نِّسَاءٍ عَسَى أَن يَكُنَّ خَيْراً مِّنْهُنَّ وَلَا تَلْمِزُوا أَنفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوا بِالْأَلْقَابِ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوقُ بَعْدَ الْإِيمَانِ وَمَن لَّمْ يَتُبْ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ۔

(الف) مذکورہ آیت کا ترجمہ کریں نیز شان نزول جلالین کی روشنی میں لکھیں۔ (۱۰+۱۰=۲۰)

(ب) سورہ کوثر کا ترجمہ لکھیں نیز جلالین کی روشنی میں بتائیں کہ کوثر سے کیا مراد ہے؟ (۸+۵=۱۳)

الورقۃ الثانیۃ: الحدیث واصولہ

نوٹ: ہر حصہ سے دو، دو سوالات حل کریں.

## حصہ اول۔۔۔حدیث

سوال نمبر1:۔ وعن علی قال اهدیت لرسول اللهﷺ حلة سیراء فبعث بها الی فلبستها فعرفت الغضب فی وجهه فقال انی لم ابعث بها الیك لتلبسها انما بعثت بها الیك لتشققها خمرا بین النساء۔

(الف) حدیث مذکور پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) الصماء اور احتباء سے کیا مراد ہے؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر2:۔ أعطوا الطریق حقه۔

(الف) حدیث کی روشنی میں "حق الطریق" کی وضاحت کریں۔ ۱۰

(ب) "قوموا إلی سیدکم" نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس موقع پر فرمایا؟ ۵

(ج) حدیث کی رو سے مسلمان کے دوسرے مسلمان پر کیا حقوق ہیں؟ ۱۵

سوال نمبر3:۔ ثم قال الحمد لله ما أحد الیوم أکرم أضیافا منی۔

(الف) باب الضیافت میں مذکور حدیث کے ان الفاظ کی سیاق وسباق کی رو سے مکمل تشریح کریں۔ ۱۰

(ب) تحنیك سے کیا مراد ہے؟ نیز عقیقہ کی فضیلت تحریر کریں۔ ۵+۵=۱۰

(ج) "کتاب الأطعمه" کی روشنی میں آدابِ طعام پر جامع نوٹ سپرد قلم کریں۔ ۱۰

## حصہ دوم۔۔۔اصول حدیث

سوال نمبر4:۔(الف) صحیح لذاتہ کی تعریف، شروط اور حکم بیان کریں۔ ۳x۴=۱۲

(ب) مرسل کی لغوی واصطلاحی تعریف تحریر کریں۔ ۴+۴=۸

سوال نمبر5:۔(الف) غریب کی تعریف اور اس کی اقسام کی تعریف بیان کریں۔ ۵x۳=۱۵

(ب) ردِ حدیث کے دو بنیادی سبب کیا ہیں؟ ۵

سوال نمبر6:۔(الف) علم اصول حدیث کی تعریف، موضوع اور فائدہ لکھیں۔ ۳x۴=۱۲

(ب) متن اور سند کی تعریف کریں۔ ۴+۴=۸

## الورقۃ الثالثۃ: الفقہ

نوٹ: دونوں حصوں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

## حصہ اول۔۔۔بہارِ شریعت

سوال نمبر1:۔ (الف) بہار شریعت سے مصافحہ، معانقہ، بوسہ اور قیام پر ایک ایک حدیث لکھیں۔ ۴ x ۴=۱۶

(ب) بوسہ کی چھ قسمیں تحریر کریں۔ ۹

سوال نمبر2:۔ (الف) پیتل اور دیگر دھاتوں کی انگوٹھی کا شرعی حکم اور حدیث تحریر کریں۔ ۱۵

(ب) تحریر کریں کہ مہمان کے لیے کون سی چار باتیں ضروری ہیں؟ نیز مہمان نوازی کی فضیلت میں حدیث سپرد قلم کریں۔ ۱۰

سوال نمبر3:۔ (الف) خبر کے معتبر ہونے کے مقامات بہار شریعت کی روشنی میں لکھ کر اس سلسلہ میں قرآنی آیت مع ترجمہ لکھیں۔ ۱۵

(ب) "ایاکم وزی الاعاجم" کی تشریح وتوضیح کر کے ریشم کے استعمال میں مرد وعورت کا فرق تحریر کریں۔ ۱۰

## حصہ دوم۔۔۔فقہ حنفی اور حدیث رسول

سوال نمبر4:۔ (الف) کن وجوہ کی بناء پر حدیث ضعیف قوی ہو جاتی ہے؟ کوئی سے تین اسباب تفصیل سے لکھیں۔ ۱۵

(ب) امام نووی کے نزدیک بدعت کی پانچ قسمیں کون کون سی ہیں؟ ۱۰

سوال نمبر5:۔ (الف) ترک رفع یدین سے متعلق تین دلائل تحریر کریں۔ ۱۵

(ب) ثبوت تقلید پر قرآن وحدیث سے ایک ایک دلیل پیش کریں۔ ۱۰

سوال نمبر6:۔ (الف) قراءت خلف الامام کے بارے میں صحابہ کرام علیہم الرضوان کے تین آثار تحریر کریں۔ ۱۵

(ب) ترجیع کسے کہتے ہیں؟ اذان میں ترجیع نہ ہونے کی دلیل دیں۔ ۱۰

الورقة الرابعة: أصول الفقه

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر1:۔ الواجب علی المجتهد طلب حکم الحادثة من کتاب الله ثم من سنة رسول الله ﷺ بصریح النص او دلالته علی ما مر ذکره فانه لا سبیل الی العمل بالرأی مع امکان العمل بالنص ولهذا اذا اشتبهت علیه القبلة فاخبره واحد عنها لا یجوز له التحری.

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ (۱۰+۱۰=۲۰)

(ب) شبه فی المحل اور شبه فی الظن کی تعریفات لکھ کر ایک ایک مثال سے وضاحت کریں۔ (۷+۷=۱۴)

سوال نمبر2:۔ ثم بعد ذلك نوع من الاجماع وهو عدم القائل بالفصل وذلك نوعان احدهما ما اذا کان منشاء الخلاف فی الفصلین واحدا والثانی ما اذا کان المنشا مختلفا والاول حجة والثانی لیس بحجة.

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ (۱۰+۱۰=۲۰)

(ب) عدم القائل بالفصل کی دونوں اقسام کی ایک ایک مثال تحریر کریں۔ (۶+۷=۱۳)

سوال نمبر3:۔ (الف) قیاس کا لغوی اور اصطلاحی معنی لکھیں نیز قیاس شرعی کی تعریف تحریر کریں۔ (۳+۳+۳=۹)

(ب) قیاس کے صحیح ہونے کی کوئی سی تین شرطیں امثلہ کے ساتھ لکھیں۔ (۸×۳=۲۴)

سوال نمبر4:۔ ثم بعد ذلك نقول القیاس علی نوعین أحدهما أن یکون الحکم المعدی من نوع الحکم الثابت فی الأصل والثانی أن یکون من جنسه.

(الف) مذکورہ عبارت کا سلیس اردو میں ترجمہ کریں نیز دونوں قسموں کی ایک ایک مثال لکھیں۔ (۱۱+۵+۵=۲۱)

(ب) القول بموجب العلة کی تعریف کریں نیز مثال سے اس کی وضاحت کریں۔ (۴+۸=۱۲)

## الورقۃ الخامسۃ: علم المیراث

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی سے دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر1:۔ (الف) ترکہ سے متعلق حقوق کتنے اور کون کونسے ہیں؟ تفصیل سے لکھیں۔ ۱۵

(ب) عصبہ کی تعریف لکھیں نیز بتایئے عصبات سببیہ کتنے اور کون سے ہیں؟ ۱۵

سوال نمبر2:۔ (الف) موانع ارث کتنے اور کون کونسے ہیں؟ ہر ایک کی وضاحت کریں۔ ۲۰

(ب) فروض مقدرہ کتنے اور کون کونسے ہیں؟ نیز تضعیف وتنصیف کی وضاحت کریں۔ ۱۰

سوال نمبر3:۔ (الف) ماں اور بہن کے احوال کتنے اور کون کونسے ہیں؟ تحریر کریں۔ ۲۰

(ب) تباین وتوافق سے کیا مراد ہے؟ ہر ایک کی تعریف کریں۔ ۱۰

سوال نمبر4:۔ درج ذیل میں سے کوئی سے چار مسائل حل کریں۔ ۴۰=۴x۱۰

(۱) بیٹی — چچا

(۲) نانی — دادا

(۳) بیوی — ماں — دادا

(۴) دادی — نانی — چچا

(۵) باپ — ماں — دو بھائی

(۶) ماں — باپ — دو بیٹیاں

الورقۃ السادسۃ: البلاغۃ

نوٹ: صرف تین سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر1:۔ (الف) تنافر، ضعف تالیف اور تعقید کی تعریف و مثال تحریر کریں۔ ۲۴=۳x۸

(ب) مقام اور اعتبار مناسب کی تعریف کر کے مثال لکھیں۔ ۱۰

سوال نمبر2:۔ (الف) ''اضرب الخبر'' پر دروس البلاغۃ کی روشنی میں تفصیلی بحث کریں۔ ۲۰

(ب) ''امر معنی اصلی کے علاوہ اور معانی میں بھی استعمال ہوتا ہے'' کوئی سے دو معانی مع امثلہ سپرد قلم کریں۔ ۱۳

سوال نمبر3:۔ (الف) تشبیہ کی تعریف کر کے ارکان تشبیہ تحریر کریں۔ ۱۸=۸+۱۰

(ب) دواعی حذف میں سے کوئی سے تین مثالوں سے واضح کریں۔ ۱۵=۳x۵

سوال نمبر4:۔ (الف) استفہام کی تعریف کریں نیز ادوات استفہام میں سے کوئی سے دو کا استعمال واضح کریں۔ ۱۸=۸+۱۰

(ب) قصر کی تعریف کر کے اس کی اقسام تحریر کریں۔ ۱۵=۷+۸

سوال نمبر5:۔ فمن الدواعی التشویق إلی المتأخر إذا کان المتقدم مشعرا بغرابة وتعجیل المسرة أو المساءة۔

(الف) ترجمہ کریں نیز ہر دو، دواعی کی مثال لکھیں۔ ۲۰=۱۰+۱۰

(ب) ادوات تمنی مع امثلہ سپرد قلم کریں۔ ۱۳